# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ مشاورتی میٹ کے ساتھ آئی ٹی ای پی لانچ کے لیے تیار

New Delhi, February 5, 2026

شعبہ تربیت اساتذہ وغیر رسمی تعلیم ( آئی اے ایس ای ) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے قومی تعلیمی پالیسی دو ہزار بیس کے مطابق وزارت تعلیم کے فلیگ شپ پروگرام، اساتذہ کی تعلیم سے متعلق مربوط چار سالہ پروگرام (بی ایس سی، بی ایڈ اینڈ بی ۔اے، بی ایڈ ،سیکنڈری اسٹیج) کے نفاذ کے سلسلے میں تبادلہ خیال کے لیے مورخہ تین فروری دو ہزار چھبیس کو سہ پہر تین بجے میر انیس ہال، جامعہ ملیہ اسلامیہ میں مشاورتی میٹ منعقد کیا۔ واضح رہے کہ شعبے کو این سی ٹی ای (نیشنل کونسل فار ٹیچر ایجوکیشن ) کی جانب سے سال دو ہزار چھبیس کے تعلیمی سال سے آئی ٹی ای پی شروع کرنے کی منظوری ملی ہے۔

آئی ٹی ای پی کے نفاذ کے سلسلے میں سوشل سائنس، ہیومنی ٹیز اینڈ لنگویجیز، ایجوکیشن، لائف سائنسز اینڈ سائنس کے ڈینز اور ریاضی، کیمیا، طبیعات، بایو سائنسز، کمپوٹر سائنس، فارسی، تاریخ و ثقافت، سیاسیات، جغرافیہ، انگریزی، ہندی، اردو، عربی، معاشیات اور اسلامیات کے صدور کے ساتھ ایک مشاورتی میٹ منعقد کی گئی تھی۔ اس میٹنگ کی صدارت عزت مآب، شیخ الجامعہ ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر مظہر آصف نے فرمائی اور عالی وقار پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ بھی پروگرام میں شریک رہے۔ پروگرام نے آئی ٹی ای اپی پروگرام کے کامیاب نفاذ کے سلسلے میں یونیورسٹی کی ترجیح کو اجاگر کیا۔

پروگرام کا باقاعدہ آغاز صدر شعبہ پروفیسر فرح فاروقی کی جانب سے مندوبین کا استقبال اور سامعین کے ساتھ آئی ٹی ای پی پروگرام کی اہمیت ساجھا کرنے سے ہوا۔ پروفیسر گرمیت کور نے آئی ٹی ای پی کے وژن اور مشن سے متعلق اظہار خیال کیا۔ اس کے بعد پروفیسر جسیم احمد نے سمسٹر کے مرحلہ وار کریڈٹس، پیپر کی تقسیم، ضروری کاروائیوں، ملٹیپل انٹری اور ایگزٹ سسٹم وغیرہ سمیت مجوزہ پروگرام کا خاکہ پیش کیا۔

عزت مآب شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر مظہر آصف نے صدارتی تقریر ارشاد فرماتے ہوئے، اساتذہ تعلیم میں آئی ٹی ای پی کو انقلاب آفریں پہل قرار دے کر اس کی اہمیت پر روشنی ڈالی نیز معیار اور جدت واختراعیت کو برقرار رکھنے کی اپیل بھی کی۔ مسجل ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے میٹ میں شریک تمام اراکین کا ان کے گراں قدر تعاون کے لیے شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے پروگرام کے لیے درکار انتظامی اور انضباطی تیاری پر زور دیا اور اس پرعمل آوری کے سلسلے میں ادارہ جاتی تعاون کا بھروسہ بھی دلایا۔

مشاورتی میٹ کا مقصد آئی ٹی ای پی کی نفاذی تدابیر، متعلقہ شعبوں اور فیکلٹیز کے ساتھ اس کے مشن اور وژن پر تبادلہ خیال کرنا تھا۔ میٹ کے دوران قومی تعلیمی پالیسی دو ہزار بیس کے ساتھ کامل طور پر مطابقت کے ساتھ ساتھ اساتذہ میں تعلیمی افضلیت، کثیر علومی شمولیت اور پیشہ ورانہ استعداد کو یقینی بنانے پر زور دیا گیا۔

مربوط تعلیمی منصوبہ بندی اور مسلسل جائزے کی ضرورت پر اتفاق رائے کے ساتھ جو آئی ٹی ای پی کے کامیاب نفاذ کے لیے راہیں ہموار کرے گا، مشاورتی میٹ اختتام کو پہنچی۔ پروفیسر سویتا کوشل، آئی اے ایس ای، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے باقاعدہ اظہار تشکر پر مشاورتی میٹ اختتام پذیر ہوئی۔

پروفیسر صائمہ سعید
افسر اعلی، تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ